# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT, KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1215

**Most Immediate**
**Assembly Business**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa Legis-I(R)/2026/** 3893
**Date, Peshawar the** 21 **/09/2026/**

To,

The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
Home and Tribal Affairs Department.

Subject: - **JOINT RESOLUTION No. 283 ADOPTED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to say that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in its sitting held on **15-09-2026** passed Per-Majority the following Joint Resolution No.**283** moved by Mr. Aftab Alam, Minister for Law, Mr. Fazal Shakoor, Minister for Public Health Engineering, Mr. Muhammad Arif, Minister for Mines and Minerals, Mr. Riaz Khan Minister for Irrigation, Mr. Tufail Anjum, Special Assistant for Population Welfare, Mr. Taj Muhammad Advisor to Chief Minister for Sports and youth Affairs, Mr. Sharafat Ali Parliamentary Secretary for Communication and Works, Mr. Asif Khan Parliamentary Secretary for Finance, Mr. Sher Ali, Parliamentary Secretary for Climate Change, Forest, Environment and Wildlife, Mr. Zahid Ullah Khan, Parliamentary Secretary for Home, Mr. Hamid ur Rehman (PK-19), Mr. Anwar Zeb, Mr. Ajmal Khan, Mr. Ihtisham Ali and Mr. Pakhtoon Yar Khan, Members Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa. The resolution is given below:-

یہ ایوان وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا و قائد ایوان جناب محمد سہیل خان آفریدی کے ساتھ پیش آنے والے انتہائی افسوس ناک، قابل مذمت اور تشویشناک واقعہ کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے جس کے دوران وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو پنجاب پولیس کی جانب سے زبردستی پولیس گاڑی میں ڈال کر لے جایا گیا، ان کو سیکیورٹی سے الگ کیا گیا اور بعد ازاں بغیر سیکیورٹی کے سڑک پر اتر دیا گیا۔ یہ ایوان اس امر کو محض ایک سیاسی یا انتظامی تنازع نہیں بلکہ ایک منتخب صوبائی حکومت کے آئینی سربراہ کے وقار، شخصی آزادی، تحفظ اور صوبائی خود مختاری سے متعلق ایک نہایت سنگین معاملہ تصور کرتا ہے۔ اگر کسی منتخب وزیر اعلیٰ کو، خواہ کسی بھی سیاسی وابستگی سے تعلق ہو، کسی قانونی جواز، باقاعدہ گرفتاری تحریری حکم یا مجاز قانونی کارروائی کے بغیر اس انداز میں روکنا، منتقل کرنا یا اس کی نقل و حرکت محدود کرنا ثابت ہوتا ہے تو یہ آئین پاکستان میں موجود بنیادی حقوق کے آرٹیکل 4 کے تحت قانون کے مطابق سلوک کے بنیادی حق، آرٹیکل 9 کے تحت شخصی آزادی کے تحفظ، آرٹیکل 14 کے تحت انسانی وقار اور آرٹیکل 25 کے تحت قانون کے سامنے مساوات کے صریح تقاضوں کے منافی ہوگا۔

یہ ایوان آئین پاکستان کے تحت وفاق اور صوبوں کے تعلقات باہمی احترام، آئینی حدود اور قانون کی حکمرانی پر قائم ہیں کسی صوبے کی پولیس یا انتظامیہ کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ سیاسی اختلاف، انتظامی ناراضی یا کسی بھی دوسرے جواز کی بنیاد پر دوسرے صوبے کے منتخب آئینی سربراہ کے ساتھ قانون سے بالاتر یا تحقیر آمیز سلوک کرے۔ یہ ایوان واضح کرتا ہے کہ پولیس کی وردی یا انتظامی اختیار کسی سرکاری اہلکار کو آئین اور قانون سے بالاتر نہیں بناتا اور اگر مذکورہ واقعہ میں اختیارات کا ناجائز استعمال یا غیر قانونی حراست ثابت ہوتی ہے تو ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف بلاامتیاز قانونی و محکمانہ کارروائی ہونی چاہیے۔

لہذا یہ ایوان اس امر کی پرزور سفارش کرتی ہے کہ وفاقی حکومت مذکورہ واقعہ کی فوری، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کریں۔ اور پنجاب حکومت اس غیر آئینی و قانونی اقدام کی وضاحت کریں، نیز موقع پر موجود پولیس افسران و اہلکاروں، متعلقہ حکام کے کردار اور تمام دستیاب ویڈیو فوٹیج، سی سی ٹی وی ریکارڈ اور دیگر شواہد کا جائزہ لیا جائے اور اگر کسی اہلکار یا افسر کی جانب سے آئین، قانون یا اپنے قانونی اختیار سے تجاوز ثابت ہو تو اس کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اور یہ بھی مطالبہ کرتا ہے کہ بین الصوبائی تعلقات، آئینی وفاقیت اور منتخب صوبائی حکومتوں کے وقار کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں۔

مزید براں یہ ایوان واضح کرتا ہے کہ سیاسی اختلاف اپنی جگہ، لیکن کسی منتخب صوبائی حکومت کے سربراہ کی تضحیک، غیر قانونی پابندی و حراست اور سیکیورٹی سے محرومی کو کسی صورت معمول کا نظامی اقدام قرار نہیں دیا جا سکتا اور ناقابل برداشت عمل ہے۔

You are, therefore requested that action taken on the resolution may be intimated to this Secretariat within a period of ninety days from the date of its communication under sub-rule (2) of Rule 165 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025 for circulation amongst the Members of the Assembly.

Yours faithfully,

**(MUHAMMAD SHARIF KHAN)**
Assistant Secretary-I,
Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa